# بین الاقوامی سیمینار: دور جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات

اہل اسلام کے دلوں میں حضور سرور کائنات ﷺ کا جو مقام اور مرتبہ ہے وہ محتاج بیاں نہیں لیکن تاریخ عالم کے ہر طالب علم کے لیے بھی تاریخ انسانی پر حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ وہ عہد ساز اور تاریخ آفریں شخصیت ہوئے ہیں جن کی زندگی اور کارناموں سے کوئی مبصر صرف نظر نہیں کر سکتا۔ تاریخ انسانی پر آپؐ کے ہمہ گیر اثرات سے واقفیت کی جستجو آج کے علمی حلقوں میں بھی ماضی کی طرح روز افزوں ہے۔ سیرت نگاری کی داغ بیل پہلی صدی ہجری ہی میں پڑ گئی تھی لیکن صدی بہ صدی اس فن کے مختلف گوشوں پر علمی کاوش کا سلسلہ آگے بڑھتا رہا ہے۔ مسلمان علما اور سیرت نگاروں کے ساتھ ساتھ غیر مسلم اہل علم کی علمی کاوشوں کے نتائج بھی آئے دن سامنے آ رہے ہیں۔ دور جدید (یعنی گزشتہ دو صدیوں) میں سیرت کے نت نئے گوشوں پر وقیع علمی کام ہوا ہے، سیرت نگاری کے منہج پر نہایت بنیادی اہمیت کی تصانیف سامنے آئی ہیں، اور انسانی علوم وفنون میں جو ترقی ہوئی تھی ان کے زاویۂ نظر سے سیرت پر متعدد اہم کام سامنے آئے ہیں۔

بنا بریں ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کا قومی مرکز مطالعہ سیرت، اور اقبال انسٹی ٹیوٹ فار ریسرچ اینڈ ڈائیلاگ (بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد) ''دور جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات'' کے موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار کا اہتمام کر رہے ہیں۔ اس سیمینار میں دور جدید کے بعض اہم ترین مطالعات سیرت کا تنقیدی جائزہ لیا جائے گا اور ان مطالعات کے علمی رویوں، اسلوب نگارش اور مناہج تحقیق کا تجزیہ کر کے مستقبل کی سیرت نگاری کے خدوخال نمایاں کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس سہ روزہ سیمینار میں ترجیحی طور پر تو عربی، اُردو اور انگریزی میں ہونے والے کام کا جائزہ لیا جائے گا لیکن اس کے ساتھ ہی ممکنہ حد تک ترکی، فارسی، بنگالی، ملاوی/انڈونیشی، فرانسیسی، اطالوی اور ہسپانوی زبانوں میں سامنے آنے والی سیرت نگاری کی کاوشوں پر بھی علمی تبصرے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی۔ اس طرح ان شاء اللہ ہمارے سامنے دور جدید کی سیرت نگاری کی خاصی حد تک نمائندہ تصویر واضح ہو جائے گی۔ گزشتہ علمی کارناموں کے جائزہ کی روشنی میں مستقبل کے امکانات اور اندیشوں پر غور وخوض بھی اس سیمینار کا ایک مقصد ہے تاکہ علوم اسلامیہ کے ایک اہم اور بنیادی شعبہ کی ترقی وتوسیع اور فروغ کے در کشادہ ہو سکیں۔ یہ سیمینار بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی کی سلور جوبلی تقریبات کا ایک حصہ ہوگا۔

## سیمینار کے مجوزہ مباحث:

اس سیمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات میں مندرجہ ذیل موضوعات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جائے گی:

- ☆ مختلف خطوں کی سیرت نگاری کا جائزہ
- ☆ سیرت کی بنیادی اہمیت کی تصنیفات پر مرکوز مباحث
- ☆ سیرت نگاری کے اہم رجحانات کا جائزہ
- ☆ سیرت نگاری پر مختلف نظریاتی اسالیب اور نقطۂ ہائے نظر کے اثرات
- ☆ دور جدید کے مطالعہ سیرت کے دیگر اہم پہلوؤں کا جائزہ۔

## متعلقہ تاریخیں:

| | |
|---|---|
| خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ: | ۱۵/اکتوبر ۲۰۱۰ء |
| مقالات بھیجنے کی آخری تاریخ: | ۱۵/جنوری ۲۰۱۱ء |
| سیمینار کی تاریخ: | ۲۶ تا ۲۸ مارچ ۲۰۱۱ء |

جن حضرات کے مقالات سیمینار کے لیے قبول کیے جائیں گے ان کی میزبانی کے فرائض ادارہ انجام دے گا۔

جو حضرات اس سیمینار میں مقالہ پیش کرنا چاہیں وہ درج ذیل پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں:

ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد، پوسٹ بکس ۱۰۳۵، پاکستان، ۴۴۰۰۰۔

email: <sirahseminar@iiu.edu.pk>,<ziansari@gmail.com>